

# باتوں باتوں میں حساب

شاہد کے گھر رضیہ اور دوسرے پانچ بچے کھیلنے کے لیے جمع ہوئے تھے یعنی کل ..................... بچے تھے۔ شاہد کے ماموں ناصر بھی گاؤں سے آئے ہوئے تھے۔ انھوں نے بچوں کو یونانی بادشاہوں کے تاج کی طرح تاج بنانا سکھایا۔

کارڈ پیپر کی پٹی لے کر اس پر ترچھی لکیر بنائی۔



پھر ترچھی لکیروں پر کاٹ کر اس کے دو حصّے کیے۔



بچوں نے ہر حصّے میں اپنی پسند کی تصویر بنا کر اس میں رنگ بھرا۔




پھر اسٹیپل پِن کی مدد سے ناصر ماموں نے تاج بنایا۔



ایک پٹّی سے دو تاج تیار ہوئے تو کُل کتنی پٹّیاں استعمال ہوئیں؟

تمام بچوں نے تاج پہنا اور بچا ہوا ایک تاج ناصر ماموں کے سر پر رکھ دیا۔

---



رضیہ بولی، ’’ہم نے گول ٹکیا کی چھوٹی ٹوپیاں ایسے بنائی تھیں کہ وہ ہماری اُنگلیوں پر بیٹھ جائیں۔ اس وقت ایک ٹکیا میں تین ٹوپیاں بنی تھیں۔ اب ہم ہر ایک کے ایک ہاتھ کی اُنگلیوں کے لیے ٹوپیاں بنائیں گے تو بتاؤ کہ سات لڑکوں کی انگلیوں کے لیے کتنی ٹوپیاں لگیں گی؟‘‘

شاہد بولا ’’یہ تو بہت آسان ہے کیوں کہ ہمیں پانچ کا پہاڑا یاد ہے۔‘‘

ذرا بتاؤ کہ اتنی چھوٹی ٹوپیاں بنانے کے لیے کتنی گول ٹکیاں لگیں گی۔

4UD91L